حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: ملاقات کے وقت مصافحہ کرنے کا فائدہ کیا ہے؟

سوال نمبر 2: مصافحہ کرنے کے کوئی سے دو آداب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: بات کرنے کے کوئی سے دو آداب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: گھر میں آنے جانے کے کوئی سے دو آداب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: کسی کے گھر میں جھانکنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 6: گھر سے باہر نکلنے کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: سفر کی ابتداء کس دن کرنا سنت ہے؟

سوال نمبر 8: جب چند لوگ مل کر سفر کریں تو کیا کرنا چاہئے؟

سوال نمبر 9: دشمن کے خوف کے وقت قرآن پاک کی کون سی سورت پڑھنی چاہیے؟

سوال نمبر 10: حدیث کے مطابق جب کسی مشکل میں ہوں تو کتنی مرتبہ "اَعِیْنُوْنِی یَاعِبَادَاللّٰہِ" پکارنا چاہیے؟

سوال نمبر 11: کون سا سرمہ لگانا بہتر ہے؟

سوال نمبر 12: چھینک کے وقت کیا پڑھنا چاہیے؟

سوال نمبر 13: چھینک کا جواب کتنی دفعہ دینا واجب ہے؟

سوال نمبر 14: ناخن کتنے دنوں میں تراش لینے چاہئیں؟

سوال نمبر 15: سر میں کہاں سے مانگ نکالنا سنت ہے؟

سوال نمبر 16: سر میں تیل ڈالنے سے پہلے کیا پڑھنا چاہیے؟

سوال نمبر 17: جاندار کی تصاویر والے لباس پہننے کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: نبی آخر الزمان ﷺ سر میں کون سی خوشبو لگاتے تھے؟

سوال نمبر 19: کھانا کھانے کی کوئی سی 3 نیتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا کتنی مرتبہ پڑھنی چاہیے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: سلام کرنے کے کوئی سے 5 آداب ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 2: سرمہ لگانے کی 5 سنتیں اور آداب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: لباس پہننے کی 5 سنتیں اور آداب قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 4: مہمان نوازی کے 5 آداب ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 5: عمامہ کے 5 فضائل بیان کیجئے۔